# 12-12-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔میڈارم سمکا سارالماجاترا کیلئے مستقل طور پر ترقیاتی کام جنگی خطوط پر جاری ہیں۔ریاستی سرینواس ریڈی کا بیان۔

۲۔ریاستی حکومت کی جانب سے عمل میں لائے جانے والے فلاحی اسکیمات اور ترقیاتی کاموں کی وجہ سے پہلے مرحلہ کے گرام پنچایت انتخابات میں کانگریس نے شاندار کامیابی حاصل کی۔ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ کا بیان۔

۳۔اوپل اسٹیڈیم میں کل رات منعقد ہونے والے عالمی فٹبالر لیونل میسی اور وزیراعلیٰ کی جانب سے حصہ لینے فریڈنلی فٹبال میاچ کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کمشنر پولیس کا بیان۔

۴۔ریاست میں کم سے کم درجہ حرارت معمول سے تین تا چار ڈگری کم ہونے کا حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے امکان ظاہر کیا۔

## BJP Protest

سنگارینی ادارہ کے ذریعہ عوامی دولت کے بیجا استعمال کو روکنے کا مطالبہ کرتے ہوئے ریاستی بی جے پی قائدین نے احتجاج کیا۔اسمبلی کے فلور لیڈر رائے مہیشور ریڈی کی قیادت میں حیدرآباد سنگارینی بھون کے قریب یہ احتجاج کیا گیا۔اِس احتجاج میں ارکانِ اسمبلی ، پارٹی کے قائدین اور کارکنوں نے شرکت کی۔اس موقع پر بی جے پی قائدین نے سنگارینی کے فنڈ کو فٹ بال میاچ کیلئے خرچ کرتے ہوئے اِس کا بیجا استعمال کرنے کا الزام لگایا۔اس موقع پر ائے مہیشور ریڈی اور بی جے پی قائدین کو پولیس نے اپنی حراست میں لے لیا۔

## Medaram

ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے میڈارم مندر کے ترقیاتی کاموں کو جلد مکمل کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ انہوں نے کاموں میں معیار کو اپنانے پر زور دیا۔ ملگو ضلع میڈارم میں جاری مندر کے ترقیاتی کاموں کا ریاستی وزرا پی سرینواس ریڈی، سیتا اکا نے جائزہ لیا اور کاموں کو جلد مکمل کرنے ٹھیکہ داروں اور عہدیداروں کو ہدایت دی۔ بعدازاں انہوں نے اِس موقع پر عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس بھی منعقد کیا۔

## Phone Tapping Case

غیر قانونی فون ٹیپنگ کیس معاملہ میں سابق آئی پی ایس آفیسر پر بھاکر راؤ نے آج پولیس کے سامنے خودسپردگی اختیار کرلی۔ سپریم کورٹ کے احکامات کے مطابق پر بھاکر راؤ حیدرآباد کے جوبلی ہلز پولیس اسٹیشن میں SIT کے سامنے خودسپردگی اختیار کرلی۔ اِس کیس سے متعلق SIT کے عہدیداروں نے سابق میں پر بھاکر راؤ سے 6 مرتبہ پوچھ تاچھ کی تھی۔ تحقیقات کیلئے تعاون نہ کرنے کی وجہ بتاتے ہوئے کسٹوڈیل تحقیقات کی اجازت دینے سپریم کورٹ کا رخ کیا تھا۔ اِس درخواست کا جائزہ لینے کے بعد سپریم کورٹ نے ایک ہفتہ تک کسٹوڈیل تحقیقات کی کل اجازت دی تھی۔

## Chauhan Tribute

سابق مرکزی وزیر و کانگریس پارٹی کے سینئر لیڈر شیوراج پاٹل کے انتقال پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے اپنے گہرے دکھ کا اظہار کیا اور خراج  عقیدت پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ان کی زندگی میں عوام کی خدمت کیلئے کیئے گئے کاموں کو بھی یاد کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ شیوراج پاٹل نے لوک سبھا اسپیکر کی حیثیت سے اور مرکزی وزیر داخلہ اور گورنر کے عہدہ پر فائز رہتے ہوئے ملک کی خدمات انجام دی ہیں۔ انہوں نے شیوراج پاٹل کی موت کو ملک کیلئے ایک بڑا نقصان قرار دیا جبکہ شیوراج پاٹل کی موت پر

وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھاکر، وزیراسپورٹس واکٹی سری ہری اور دیگر ریاستی وزرائے نے اپنے گہرے دکھ کااظہارکیااوران کوخراجِ عقیدت پیش کیا۔

## Accident - Kishan Reddy

مرکزی وزیرکشن ریڈی نے آندھراپردیش کے الوری سیتارامارا جوضلع کے چنتور کے قریب پیش آئے ایک خانگی بس حادثہ میں عقیدتمندوں کی موت پراپنے گہرے دکھ کااظہارکیااورمرنے والے افراد کے خاندانوں سے تعزیت کااظہارکیا۔کشن ریڈی نے کہا کہ اس حادثہ کی وزیراعظم نریندر مودی نے جانکاری حاصل کی ہےاورحادثہ میں مرنے والےافراد کے خاندانوں کوفی کس دولاکھ اورزخمیوں کوپچاس ہزارروپے دینے کااعلان کیاہے۔

## Kavitha

رکن قانون سازکونسل وتلنگانہ جاگروتی کی صدرکویتانے ان پرلگائے جانے والے بیجاالزامات پربرہمی کااظہارکیا۔انہوں نے کہاکہ بعض افرادکانگریس پارٹی سےمل کرکام کرنے کاان پرالزام لگارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایسے الزامات لگانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کریں گی۔انہوں نے حیدرآباد میں میڈیاسے بات کرتے ہوئے کہاکہ ان کی کسی بھی سیاسی لیڈرسےکوئی خفیہ ملاقات نہیں ہوئی ہےاورکوئی تجارتی لین دین بھی نہیں ہے۔

## Weather

ریاست میں آئندہ دودنوں کے دوران درجہ حرارت معمول سے تین تاچارڈگری تک کم ہونے کاامکان ہے۔محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے یہ بات بتائی۔عادل آباد،کمرم بھیم آصف آباد،منچریال،نرمل، ورنگل،ہنمکنڈہ،محبوب آباد،جنگاؤں،سدی پیٹ،سنگاریڈی،میدک،کاماریڈی اضلاع میں سردہوائیں چلنےکاامکان ہے۔اس کیلئے ایلوالرٹ جاری کیاگیاہے۔

CM - Arvind Subramanian

ہندوستان حکومت کے سابق معاشی مشیر وممتاز ماہر معاشیات پروفیسر اروند سبرامنین نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے جوبلی ہلز پر واقع ان کی رہائش گاہ پر خیر سگالی طور پر ملاقات کی۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ تلنگانہ رائزنگ 2047ء ویژن کے ذریعہ ریاست ترقی کے میدان میں آگے بڑے گی۔اِس مہینہ کی 8 اور 9 تاریخ کومنعقد ہوئے تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ 2025ء میں اروند سبرامنین نے شرکت کی تھی۔

Nori Dattatreya

تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ 2025ء کی کامیابی پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کوحکومت کے مشیر و مشہور کینسر کے ماہر ڈاکٹر این داترا تیڈ و نے مبارکبا د دی۔انہوں نے وزیراعلیٰ کوایک خط لکھا جس میں انہوں نے کہا کہ گلوبل سمٹ تاریخی طور پرایک کامیابی ہے۔انہوں نے کہا کہ گرین انرجی، لائف سائنس اور دیگر شعبہ جات میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری آنا تلنگانہ رائزنگ 2047ء کے سمٹ ویژن میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے مستقبل کے اعتماد کو ظاہر کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ کینسر کے علاج میں تلنگانہ گلوبل لیڈر کے طور پر کھڑا ہونے کے امکانات ہیں۔

Medaram - Ponguleti

میڈارم سمکا سارالماجاترہ کیلئے مستقل ترقیاتی کام جنگی خطوط پر جاری ہیں۔ان خیالات کا اظہار ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے کیا۔انہوں نے کہا کہ مستقبل کے نسل کو مدنظر رکھتے ہوئے گریجن طبقہ کے روایات کے مطابق کاموں کوانجام دیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ میڈارم کے احاطہ کوشاندار طور پر بنایا جارہا ہے۔اِس جاترے میں آنے والے ایک کروڑ عقیدتمندوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے پچاس کلومیٹر کی دوری تک بڑے پیمانے پرانتظامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے ملگ ضلع تاڑواڑی منڈل، میڈارم میں ریاستی وزیر سیتاکا اوراعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ انتظامات کے پیشرفت کا جائزہ لیا۔

## Jangaon Dist Collector Jalprahari award

زیر زمین آبی وسائل اور پانی کی حفاظت کیلئے جنگاؤں ضلع کلکٹر رضوان باشاہ شیخ کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات پر مرکزی حکومت نے ضلع کلکٹر کو جل پراہاری ایوارڈ دیا ہے۔ دونوں تلگو ریاستوں سے اس ایوارڈ کیلئے منتخب ہونے والے کلکٹر کے طور پر رضوان باشاہ شیخ ہیں۔ کل نئی دہلی میں مہاراشٹر سدن میں منعقد ہوئے چھٹویں جل پری ہاری پروگرام میں جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے یہ ایوارڈ دیا۔

## Khammam Collector

کھمم ضلع کلکٹر انودیپ نے کہا کہ کھمم ضلع میں دوسرے مرحلہ کے پنچایت انتخابات کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ ضلع کے کامے پلی، کھمم رورل، کسومنچی، مودی گنڈہ اور دیگر منڈلوں میں واقع 183 گرام پنچایت اور سولہ سو 86 وارڈوں کیلئے 14 دسمبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دوسرے مرحلہ میں 23 گرام پنچایتوں اور 306 وارڈوں کیلئے بلا مقابلہ انتخاب عمل میں آیا۔

## Jagtial Notice

جگتیال ضلع میں پہلے مرحلہ میں منعقد ہوئے گرام پنچایتوں کے انتخابات میں ڈیوٹی پر غیر حاضر رہنے والے مختلف محکمہ جات کے 89 عہدیداروں کو ضلع کلکٹر بی ستیا پرساد نے وجہ بتاؤ نوٹس جاری کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی قواعد کے مطابق ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

## Messi Football Player

حیدرآباد کے اوپل اسٹیڈیم میں کل رات سات بجے عالمی شہرت یافتہ فٹ بالر لیونل میسی اور وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے حصہ لئے جانے والے فرینڈلی فٹ بال میاچ کیلئے وسیع تر انتظامات کئے گئے ہیں۔ راچہ کنڈہ پولیس کمشنر سدھیر بابو نے یہ بات بتائی۔ راچہ کنڈہ پولیس کمشنر سدھیر بابو نے کہا کہ میاچ کیلئے ڈھائی ہزار پولیس ملازمین کے ساتھ بھاری بندوبست کیا گیا۔ انہوں نے ٹکٹ رکھنے والے

افراد کو ہی اسٹیڈیم آنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ اس میاچ کے ضمن میں کل اوپل ٹرافک پولیس اسٹیشن کے حدود میں ٹرافک تحدیدات عائد رہیں گی اور ٹرافک کا رخ دوسری طرف موڑ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کل دوپہر بارہ بجے سے رات گیارہ بجکر پچاس منٹ تک بھاری گاڑیوں کی آمد و رفت کو دوسری جانب موڑ دیا جائے گا۔

Wanaparthy Collector

ونپرتی ضلع کلکٹر نے دوسرے مرحلہ کے گرام پنچایتوں کے انتخابات کیلئے وسیع تر انتظامات کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ ضلع کلکٹر آدرش سورابھی نے 14 دسمبر کو ہونے والے دوسرے مرحلہ کے انتظامات کا جائزہ لیا اور اس ضمن میں عہدیداروں کو ضروری ہدایت دی۔

Mancherial Collector

منچریال ضلع میں 14 دسمبر کو ہونے والے دوسرے مرحلہ کے گرام پنچایت کے انتخابات کیلئے الیکشن میٹرئیل کی تقسیم ایک منصوبہ بندی کے تحت کرنے ضلع کلکٹر و الیکشن آفیسر کمار دیپک نے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ ویمنا پلی مرکز میں میٹرئیل کی تقسیم کے مرکز کا انہوں نے دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پولنگ اور ووٹوں کی گنتی کیلئے وسیع تر انتظامات کئے گئے ہیں۔

Election Mahesh Goud

تلنگانہ کے صدر پردیش کانگریس مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ پہلے مرحلہ کے گرام پنچایت انتخابات میں کانگریس کے تائیدی امیدواروں نے سب سے زیادہ پنچایتوں پر کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں ریاستی حکومت کی جانب سے عمل میں لائے جانے والے فلاحی و ترقیاتی کاموں کی وجہ سے یہ کامیابی ممکن ہوئی ہے۔

OO